आये दिन बहार के

آئے دن بہار کے

اداکاران

دھرمیندر - آشا پارکھ

بلراج ساہنی

قیمت دس نئے پیسے

ش اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

گانے

آئے دن بہار کے فلم کے

گانا نمبر ۱

پھولوں سے مکھڑے۔ دوانی نکلی ہے ایک متوالی
گلشن کی کرے سیر خدایا خیر کرے
بے تھام ہے میری باہیں اونچی نیچی ہیں راہیں
کہیں پھسل نہ جائے پیر خدایا خیر کرے
پھولوں سے مکھڑے ——

کیا حال نظروں کا ہوگا کیا رنگ بہاروں کا ہوگا
یہ حسن اگر مسکایا تو کیا عشق کے ماروں کا ہوگا
متوالے نین ہیں ایسے۔ تالاب میں کنول جیسے
دو چل رہے ہیں تیر خدایا خیر کرے
پھولوں سے مکھڑے ——

یہ ہونٹ نہیں افسانے۔ آنکھیں کیا میخانے ہیں
نہ جانے کس کی قسمت میں یہ پیار بھرے پیمانے ہیں
ان ہونٹوں کا متانہ۔ ان زلفوں کا متانہ
بن جائے نہ کوئی غیر
پھولوں سے مکھڑے ——

ہر ایک ادا مستانی ہے۔ یہ اپنے وقت کی رانی ہے

جو پہلی بار سُنی ہے میں نے یہ وہ رنگین کہانی ہے
موروں کی طرح جلتی ہے شبنم سی جلتی ہے
کلیوں سے بجلی برسے ہیں
پھولوں سے مہکے ہیں
—
نمبر ۲:- میرا محبوب ہے بے مثال ادئے کماں کمال
ایسا دیکھو نہ کبھی کا حال ادئے کماں کمال
سوچا تھا اکیلے میں ہوں گی ملاقاتیں
آپس میں محبت کی ہوں گی کچھ باتیں
اور تیرا ایک کہنا ایسے بھی چپ رہا
نہ جواب کوئی نہ سوال کوئی تو
ادئے کماں کمال —
میں نے تو سنا تھا جہاں میں جو حیا ہے
یہ تو ہم حسینوں کی ادا ہے
میری دلربا ئے محبوبہ سے فرمائے
اس کے بارے میں ہے کیا خیال
ہونٹوں پہ یہ آہیں
نگاہوں پہ یہ پانی
یہ تو ہے محبت کے ماروں کی نشانی
سُن لے یہ زمانہ کوئی سمجھے نہ دیوانہ
یہ تو سوہنی دا ہے مہینوال!!

گانا نمبر ۳: سنو سجنا پپیہے نے کہا سب سے پکار کے
سنبھل جاؤ چمن والو آئے دن بہار کے
پھولوں کی ڈالیاں بھی یہی گیت گا رہی ہیں
گھڑیاں پیا ملن کی نزدیک آ رہی ہیں
ہواؤں نے جو چھیڑے ہیں ترانے ہیں وہ پیار کے
دیکھو وہ ایسے دیکھو مرضی ہے کیا تمہاری
بے چین کر نہ دینا تم کو قسم ہماری
ہمیں دشمن تو بن جائیں اپنے قرار کے
پاؤں میں بندھ گئے ہیں ساون کے مست جھولے
ایسا سماں جو دیکھا راہی بھی راہ بھولے
کہ جی چاہا یہیں رکھ دیں عمر ساری گذار کے

گانا نمبر ۴: یہ کلی جب پھول بن کے کھلے
انتظار کرو انتظار کرو
انتظار وہ بھلا کیا کرے
تم جیسے بیقرار بیقرار بیقرار کرو
پیار میں پیار کی اجازت بھی نہیں
بے رخی ہے ابھی یہ محبت نہیں
آ رہا ہے مزہ تم شکایت یہ بار بار کرو
حسن پر تو اثر ہونے والا نہیں
عشق تم کو نہ کر دے دیوانہ کہیں

ہے یہ دیوانگی بھی قبول ہمکو اگر
ہم نے تم سے ہمیشہ پیار کیا
روز ہم نے بیان یہ افسانہ کیا
روز تم نے نیا اک بہانہ کیا
یہ بہانہ مگر آخری ہے صنم
اعتبار، اعتبار، اعتبار کرو۔

گانا نمبر ۵:- اے کاش کسی دیوانے کو
ہم سے بھی محبت ہو جائے
ہم لٹ جائیں دل کھو جائیں
بس آج قیامت ہو جائے
ہے وقت ابھی تو یہ کرلو اللہ بہت ہو جائے
تم کو معلوم نہیں شاید کتنے بیدرد صنم ہوں گے
یہ آپ نے سچ فرمایا ہے
الفت میں لاکھ ستم ہوں گے
ہیں لاکھ ستم منظور ہمیں
بس ایک عنایت ہو جائے
ہر سانس کو ہر ایک دھڑکن کو
وہ اپنی یاد بنا ڈالیں
تم آج اگر اک نغمہ ہو
تم کو فریاد بنا ڈالے

غیروں سے تو ہوں شکوے تم کو
خود سے بھی شکایت ہو چلے
اس ایک خطا سے بہتر ہے
یہ پیار نہیں ایک درد سہی
یہ درد دوا سے بہتر ہے
بس چین ہمیں آجائے
جو بے چین طبیعت ہو جائے

گانا نمبر ۱۱۔ اب کے برس بیت نہ جائے
ساون کی راتیں
دیکھ رے میری بے چینی
اور لکھ دے دو باتیں
خط لکھ دے سنوریا کے نام بابو
کورے کاغذ پہ لکھ دے سلام بابو
وہ جان جائیں گے پہچان جائیں گے
کیسے ہوتی ہے صبح سے شام بابو
سارے نکلے وعدے جھوٹے
سامنے ہو تو کوئی اُن سے روٹھے
لے گئی بیرن سر پیا کو
رام کرے ایسی تو گری چھوٹے
انہیں جس نے بنایا غلام بابو ۔ کورے کاغذ ۔

جب آئیں گے سجنا میرے کھن کھن کھنکیں گے کنگنا میرے
پاس گلی میں گھر ہے میرا اُس دن تو بھی آنا انگنا میرے
تجھ کو دوں گا انعام بابو — کورے کاغذ —
اور بہت کچھ ہے لکھوانا کیسے بتاؤں تجھے تو بیگانہ
شرم سے انکھیاں جھک جائیں گی دھڑک اُٹھیگا میرا دل دیوانہ
بس آگے نہیں تیرا کام بابو کورے کاغذ —

گانا نمبر: میرے دل سے ستمگر تُو نے اچھی دل لگی کی ہے
کہ بن کے دوست اپنے دوستوں سے دشمنی کی ہے
میرے دشمن تو میری دوستی کو ترسے
مجھے غم دینے والے تو خوشی کو ترسے
تو پھول بنے پتجھڑ کا تجھ پہ بہار نہ آئے کبھی
میری ہی طرح تو تڑپے گا تجھکو قرار نہ آئے کبھی
جیئے تو اس طرح کہ زندگی کو ترسے
اتنا تو اثر کر جائیں میری وفائیں او بیوفا
اک روز تجھے یاد آئیں اپنی جفائیں او بیوفا
پریشان ہو کے رو دے تو ہنسی کو ترسے
تیرے گلشن سے زیادہ ویراں کوئی ویران نہ ہو
اس دنیا میں کوئی تیرا اپنا تو کیا بیگانہ نہ ہو
کسی کا پیار کیا تُو بے رخی کو ترسے — میرے دشمن

ختم شد

اردو انگلش میٹرک پاس

دنیا کے ایک کونے سے دوسرے کونے تک انگریزی بولی جاتی ہے۔ دنیا کے چھوٹے بڑے بیوپاروں میں ملوں میں اور کارخانوں میں غرضیکہ دنیا میں ہر جگہ انگریزی کا بول بالا ہے۔ آپ اگر انگریزی نہیں جانتے تو آپ دنیا سے الگ تھلگ پڑے رہیں گے۔ اسلئے انگریزی سیکھئے۔ انگریزی خاندانوں میں جس طرح بچے اپنے گھر والوں سے انگریزی بولنا سیکھ لیتے ہیں۔ آپ بھی صرف ایک گھنٹہ روزانہ ہماری کتاب کو پڑھکر تین مہینے میں سیکھ سکتے ہیں۔ اور انگریزی میٹرک کی قابلیت حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ کتاب یورپ کے ایک مشہور مصنف کی کتاب کی مدد سے لکھی گئی ہے۔ یہ کتاب ہائی سکول و کالج کے لڑکوں کیلئے فائدہ مند ہے۔ بہت آسان زبان میں لکھی گئی ہے۔ صرف انگریزی میں میٹرک کا امتحان دینے والے لڑکے اور لڑکیاں اس آپکی کتاب کی مدد سے پاس ہو گئے ہیں۔ جلد منگوا کر فائدہ اٹھائیں۔

قیمت صرف چھ روپے معہ ڈاکخرچ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

اعلیٰ پریس دہلی